DITTO WS

Reg. No. ....

Name : ....

FY-313

FIRST YEAR HIGHER SECONDARY MODEL EXAMINATION – 2021

Part–II

URDU

Maximum : 80 Scores

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 20 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 20 minutes in addition to the writing time of 2 ½ hours.
- Read the questions carefully before answering.
- Certain sections of the questions have choice, follow the choice regulations strictly.
- If excess questions are attempted, only those attempted first will be valued.

1 سے 12 تک کے سوالوں میں سے کسی 6 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : **(6 × 1 = 6)**

1. درسی کتاب میں دیا گیا خط گاندھی جی نے کس کے نام لکھا تھا ؟

2. پسندیدہ کسی ایک اردو افسانہ نگار کا نام لکھیے۔

3. ڈراما 'ایک آزادی کا متوالا' سے پسندیدہ کسی ایک کردار کا نام لکھیے۔

4. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

DITTO WS

.5 ساحرؔ لدھیانوی کا اصلی نام کیا ہے؟

.6 اردو کے کسی ایک خطوط نگار ادیب کا نام لکھیے۔

.7 نظم 'آدمی نامہ' کس کی لکھی ہوئی ہے؟

.8 نظم 'تاج محل' کے لیے کوئی دوسرا مناسب عنوان لکھیے۔

.9 رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

.10 پسندیدہ کسی ایک اردو نظم گو شاعر کا نام لکھیے۔

.11 افسانہ 'ٹوبہ ٹیک سنگھ' کس کا لکھا ہوا ہے؟

.12 غزل کے کس شعر میں شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے؟

13 سے 16 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب دو لفظوں میں لکھیے : **$(2 \times 2 = 4)$**

.13 پسندیدہ کسی دو رباعی گو شعراء کے نام لکھیے۔

.14 یرواده جیل میں گاندھی جی کے ساتھ کون کون تھے؟ کسی دو کے نام لکھیے۔

15. پسندیدہ کسی دو آپ بیتیوں کے نام لکھیے۔

16. پسندیدہ کسی دو غزل گو شعراء کے نام لکھیے۔

17 سے 22 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم دو یا تین جملوں میں لکھیے :
(3 × 3 = 9)

17. آزاد نظم کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ تین جملے لکھیے۔

18. اے۔پی۔جے۔عبدالکلام نے ہندوستان کے لیے تین نظریے پیش کیے ہیں۔ وہ کیا کیا ہیں ؟

19. دیے گیے الفاظ سے مؤنث چن کر لکھیے :

کتّا - لڑکی - بلّی - آدمی - بادشاہ - رانی

20. ہندوستانی فلم سے پسندیدہ گیت کے دو مصرعے لکھیے۔

21. ہندوستانی فلم سے اپنا پسندیدہ کوئی ایک مکالمہ لکھیے۔

22. ڈراما 'ایک آزادی کا متوالا' سے اپنے پسندیدہ مکالمہ لکھیے۔

23 سے 30 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چار جملوں میں لکھیے : (4 × 4 = 16)

23. رباعی کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

24. اردو کے بڑے بڑے شاعروں نے ہندوستانی فلموں کو بے حد معیاری اور مقبول ترین گیت دیے ہیں۔ ایسے کسی ایک شاعر کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

25. نظم 'آدمی نامہ' میں شاعر نے آدمی کے بارے میں کیا کیا باتیں بیان کیے ہیں ؟ ایک نوٹ لکھیے۔

26. سابق صدر جمہوریہ ہند اے۔پی۔جے۔عبدالکلام کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ ایک نوٹ لکھیے۔

27. افسانہ 'ٹوبہ تیک سنگھ' میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے ؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

28. ہندوستانی فلم سے اپنی پسندیدہ قوالیوں کے چار مصرعے لکھیے۔

29. ''اب ہم سب خدا سے مانگیں کہ ہندومسلم کے بیچ بھی ملاپ پیدا کر دے۔ جب تک یہ نہیں ہوتا مجھے پوری شانتی ہو نہیں سکتی۔'' گاندھی جی کے اس قول پر آپ کے خیالات بیان کیجیے۔

30. نظم 'شکایت' کے ذریعے شاعر ہمیں کیا پیغام دے رہا ہے ؟ ایک نوٹ لکھیے۔

31 سے 38 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے : (4 × 6 = 24)

31. گاندھی جی کے خط کے جواب میں زہرہ نے کیا لکھا ہوگا ؟ زہرہ کا جوابی خط تیار کیجیے۔

32. اس رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

تو ہاتھ کو جب ہاتھ میں لے لیتی ہے
دکھ درد زمانے کے مٹا دیتی ہے
سنسار کے تپتے ہوئے ویرانے میں
سکھ شانت کی گویا تو ہری کھیتی ہے

33. کنجونّی ماش کہتا ہے کہ کیرالا والے صارفیت (consumerism) کلچر کے غلام ہیں۔ اس پر آپ کی رائے کیا ہے؟ اس غلامی سے آزاد ہونے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

34. اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

عشق مجھ کو نہیں وحشت ہی سہی
میری وحشت تری شہرت ہی سہی

35. 'مغلِ اعظم'، 'انارکلی'، 'مرزا غالبؔ' وغیرہ مشہور تاریخ ساز فلمیں ہیں۔ آپ اس طرح کی فلم دیکھے ہوں گے۔ پسندیدہ کسی ایک فلم کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

36. اس رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے
کچھ روز میں ایک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور، ترا ہر کام
کچھ دیر میں ہوتا ہے، مگر ہوتا ہے

37. دیے گئے اشاروں کی مدد سے ایک نوٹیس تیار کیجیے :

جلسہ یومِ آزادی، اردو کلب، جی۔ایچ۔ایس۔ایس۔ ملاپرم، گوگل میٹ (google meet)،
ایم۔ایل۔اے۔، پرنسپل، اسکول لیڈر

38. اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا
وہ تیری یاد تھی اب یاد آیا

39 سے 44 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے :

(3 × 7 = 21)

39. جنگِ آزادی کے نڈر سپاہی اور آزاد ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم مولانا آزاد کے بارے میں ایک نوٹ تیار کیجیے۔

40. اقبالؔ، غالبؔ وغیرہ اردو کے مشہور شعراء ہیں۔ پسندیدہ کسی ایک اردو شاعر پر نوٹ لکھیے۔

41. ساحر لدھیانوی نے تاج محل کے بارے میں ایک الگ نظریہ پیش کیا ہے۔نظم 'تاج محل' کے ذریعے شاعر نے کن کن باتوں کا بیان کیا ہے؟ ایک نوٹ لکھیے۔

42. افسانہ 'ٹوبہ ٹیک سنگھ' ایک مشہور افسانہ ہے۔ اس افسانے کی کہانی مختصر کر کے لکھیے۔

43. اردو اور ہندوستانی سنیما کے بیچ میں ایک گہرا تعلق ہے۔ اس پر اپنے خیالات واضح کیجیے۔

44. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ ایک نوٹ لکھیے ۔